جولائی ۴ تقریبات

امریکہ کی ۲۳۲ ویں سالگرہ

وزیر خارجہ پرنب مکھرجی (بائیں) ایمبیسیڈر ڈیوڈ سی ملفورڈ کی رہائش گاہ روز ولٹ ہاؤس میں ۴ جولائی کو امریکہ کے یوم آزادی کا جشن منانے والوں میں شامل تھے۔ ممبئی کے گرانڈ حیات ہوٹل میں ۴ جولائی کے جشن کے سلسلے میں نابینا بچوں کے ہیپی ہوم اسکول کا ایک طائفہ (نیچے) گاتا بجاتا ہوا۔ چنئی میں قونصل جنرل ڈیوڈ ٹی ہوپر کی رہائش گاہ پر موجود مہمانوں (سب سے نیچے) کے لئے امریکی طرز کا ۴ جولائی "اسپارکلر" بجایا گیا اور ایسی آتش بازی کی گئی جس میں روشنی کے جھماکے ہوتے ہیں، دھواں نکلتا ہے مگر دھماکہ نہیں ہوتا۔



ایریزونا کی یاسمین حفیظ کو اس سال کے صدارتی ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ واشنگٹن میں ہر سال امریکہ کے سب سے ذہین اور ہونہار طالب علموں کو صدارتی ایوارڈ سے نوازا جاتا ہے۔ صدارتی ایوارڈ حاصل کرنے کے لئے یہ ضروری ہوتا ہے کہ طالب علم نے نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی اعلیٰ مہارت کا مظاہرہ کیا ہو۔ ۲۰۰۸ کے صدارتی ایوارڈ امریکی اسکولوں میں پڑھنے والے ۳۰ لاکھ بچوں میں سے صرف ۳۹ طالب علموں نے حاصل کئے۔ یاسمین حفیظ ایک ہونہار طالبہ ہی نہیں بلکہ ایک کتاب کی شریک مصنفہ بھی ہیں۔ انہوں نے امریکیوں کو مسلمانوں کی تہذیب و ثقافت اور مذہبی روایات سے متعارف کرانے کے لئے اپنی والدہ اور چھوٹے بھائی کے ساتھ ملکر "اے ٹین ایجر ویوز آف اسلام ان امریکہ" لکھی ہے۔

ہندنژاد امریکی نیل ٹی کشکری امریکہ کے ٹریزری میں بین الاقوامی معاملوں کے اسسٹنٹ سکریٹری بنائے گئے ہیں۔ نیل کشکری کو صدر جارج ڈبلیو بش نے نامزد کیا ہے اور حال ہی میں امریکی سینیٹ نے اس نامزدگی کی توثیق کردی ہے۔ مسٹر نیل کشکری نے اربنا شیمپین میں یونیورسٹی آف ایلی نوائے سے بیچلرس اور ماسٹرس ڈگری حاصل کی ہے۔ انہوں نے یونیورسٹی آف پینسلوانیا کے وارٹن اسکول سے مالیات میں ایم بی اے کی ڈگری بھی لی ہے۔ ۲۰۰۶ سے وہ ٹریزری سکریٹری ہینری پالسن کے سینئر صلاح کار کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں۔ اس سے قبل وہ سائنسی خلائی انجینئر کے طور پر ناسا کے مستقبل کے مشنوں کے لئے ٹکنالوجی تیار کرنے پر کام کر چکے ہیں۔ انڈین امریکن ری پبلکن کونسل نے نیل ٹی کشکری کی حلف برداری کا خیر مقدم کیا ہے۔ انڈین امریکن ری پبلکن کونسل کے ترجمان دینو فیرا نے کہا کہ "مسٹر کشکری اسسٹنٹ سکریٹری آف ٹریزری کے طور پر خدمت انجام دینے کے اہل ہیں۔ ان کی نامزدگی اور سینیٹ سے اس کی توثیق تاریخی ہے۔"

خبر منظر

ایشیائی شہد کی مکھی کس طرح خاص قسم کے کیڑوں کی زد میں آنے سے بچ سکتی ہے؟ یہ امریکہ میں شہد کی مکھی کی پرورش کو لاحق انتہائی سنگین خطرات میں سے ایک ہے اور گزشتہ سال ہندستان میں فل برائٹ اسکالر جیسیکا برٹنس کے مطالعہ کا یہی موضوع تھا۔ برٹنس یونیورسٹی آف مینیسوٹا کی پی ایچ ڈی کی طالبہ ہیں۔ وہ یونیورسٹی آف بنگلور میں سینٹر فار ایکولوجیکل سائنس کے رگھویندر گڈاگر سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے مہاراشٹر کے پونے میں سینٹرل بی ریسرچ اینڈ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا بھی دورہ کیا ہے۔

مٹن ٹاؤن، نیویارک کی ۱۷ سالہ ثنا رؤف کو مئی میں انٹیل فاؤنڈیشن نے ۵۰،۰۰۰ ڈالر کی اسکالرشپ سے نوازا۔ یہ ایلانٹا، جارجیا میں دنیا کے سب سے بڑے اسٹوڈنٹ سائنس میلہ کے بڑے ایوارڈوں میں سے ایک ہے۔ ثنا رؤف کے ماں باپ نئی دہلی اور کشمیر سے ترک وطن کر کے یہاں آئے ہیں۔ انہیں ریاضی کی ناٹ تھیوری تحقیق کے لئے اس ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ثنا نے جو تحقیق کی ہے اس سے بنیادی بایو کیمیکل مسائل جیسے پروٹین کی نوٹنگ اور ڈی این اے میں مدد ملے گی۔